سوال

(596) سونے کے میڈل پہننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے دلیری اور بہادری کے بعض مقابلوں میں حصہ لیا، جس کی وجہ سے مجھے سونے کے میڈل، سونے کی گھڑی اور سونے کا قلم بطور انعام دیا گیا تو سوال یہ ہے کہ ان چیزوں کے استعمال کے بارے میں کیا حکم ہے؟ کیا میں انہں استعمال کر سکتا ہوں؟ کیا ان میں زکوۃ واجب ہے؟ زکوۃ کی مقدار کیا ہوگی؟ یاد رہے کہ مجھے یہ معلوم نہیں کہ ان اشیاء میں سونے کی کتنی مقدار؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مردوں کےلیے سونے کا میڈل، گھڑی اور قلم استعمال کرنا جائز نہیں ہے البتہ عورتوں کےلیے سونے کے زیورات استعمال کرنا جائز ہے۔ اس لیے یا تو اپنی قریبی عورتوں میں سے کسی کو یہ چیزیں تحفہ میں دے دیں یا پھر ان میں سے سونا الگ کروا دیں اور پھر انہیں استعمال کر سکتے ہیں۔ دیگر زیورات کی طرح ان کی قیمت میں بھی اڑھائی فیصد زکوۃ واجب ہوگی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص455

محدث فتویٰ